مطبوعات

اسلام اور مغرب کے تہذیبی مسائل	مؤلف سید قطب شہید - مترجم ساجد الرحمٰن صدیقی - ناشر ادارہ معارفِ اسلامی کراچی کتابت طباعت عمدہ - صفحات ۲۰۸ - قیمت دس روپے -

زیرِ تبصرہ کتاب سید قطب شہید کی عربی تالیف "الاسلام و مشکلات الحضارۃ" کا اردو ترجمہ ہے۔ سید قطبؒ نے اس کتاب میں بتایا ہے کہ دورِ جدید میں نام نہاد تہذیب و تمدن نے انسان کو کن مسائل سے دوچار اور کن مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے نیز یہ کہ اس تہذیب کا لبادہ اوڑھنے کے بعد کیا انسان، انسان بھی رہتا ہے یا نہیں۔ مغربی معاشرت کے بارے میں سنے سنائے نہیں بلکہ چشم دید حقائق کی بناء پر فاضل مؤلف اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ موجودہ بے خدا تہذیب کے جن پہلوؤں کو روشن سمجھا جاتا ہے وہ اپنی اصلیت میں قرونِ مظلمہ کے انسان کی زندگی سے کچھ کم تاریک نہیں۔

مباحث ایک نظر میں یہ ہیں ـــــ انسانیت کی تباہی، انسان کی حقیقت سے ناواقفیت، گمراہی اور اضطراب، انسان کی فطرت اور اس کی صلاحیت، مغربی معاشرت میں عورت کا مقام، اجتماعی اور معاشی نظام، انسان دشمن تہذیب، فطرت کا انتقام اور راہِ نجات ـــــ آخری باب میں سید قطب نے اس حقیقت کی نشاندہی کی ہے کہ آج کے انسان کی مشکلات صرف اسلام ہی کے زندگی سے متعلق بنیادی تصورات کو اپنانے سے دور ہو سکتی ہیں اور اِس راہِ نجات سے انحراف کر کے تباہی و بربادی کے مہیب غاروں میں گرنے کے سوا اسے کچھ حاصل نہیں ہو سکتا۔

ساجد الرحمٰن صدیقی صاحب کا ترجمہ خوب ہے البتہ کہیں کہیں پیرایۂ اظہار معیار سے گر گیا ہے اور مفہوم غیر واضح اور رفیق سا ہو گیا ہے۔

ہماری رائے میں اسلام اور مغرب کے تہذیبی مسائل کا مطالعہ جدید تعلیم سے بہرہ ور ہر اُس شخص کے لیے ضروری ہے جو تہذیبِ مغرب کے "چہرۂ روشن" سے کچھ بھی متاثر ہے تاکہ اُس پر اس کا "تاریک تر باطن" آشکار ہو سکے۔